جب میری ڈاکٹر میرا نمونہ لے تو کیا ہوتا ہے

مرحلہ 1۔

آپ اپنی ڈاکٹر کے ساتھ ایک پردے والی جگہ پر ہوں گی - یا ڈاکٹر کی جگہ کوئی نرس یا ہیلتھ کیئر ورکر بھی ہو سکتی ہے۔

مرحلہ 2۔

آپ سے کمر سے نیچے کے کپڑے اتارنے اور سیدھا لیٹنے کو کہا جائے گا۔ آپ کو جسم ڈھکنے کے لیے ایک چادر دی جائے گی۔



مرحلہ 3۔

ڈاکٹر یا نرس سپیکولم کہلانے والا ایک آلہ استعمال کرے گی تاکہ برش کو آپ کی سرویکس تک پہنچانا آسان ہو جائے۔



مرحلہ 4۔

پھر وہ ایک نرم برش سے آپ کی سرویکس سے خلیات کا ایک چھوٹا سا نمونہ لے گی۔ اس میں تھوڑی سی زحمت ہو سکتی ہے لیکن تکلیف نہیں ہونی چاہیے۔ اگر تکلیف ہو تو فوراً ڈاکٹر یا نرس کو بتائیں۔

مرحلہ 5۔

ڈاکٹر یا نرس یہ نمونہ ٹیسٹنگ کے لیے پیتھالوجی لیبارٹری کو بھیجے گی۔



مرحلہ 6۔

پیتھالوجی لیبارٹری آپ کے نمونے کی ٹیسٹنگ کرے گی اور نتیجہ آپ کی ڈاکٹر کو بھیج دے گی۔